© rasailojaraid.com



# حُسنِ انتقاد



تبصرہ کے لیے دو کتابوں کا آنا ضروری ہے

● نام کتاب: ’’قافلۂ علم وحریت‘‘ (علماء ومجاہدینِ لدھیانہ کی تین سوسالہ تاریخ) مرتب: مولانا محمد عثمان رحمانی لدھیانوی

ناشر: کتب خانہ احرار، لدھیانہ، انڈیا۔　　قیمت: 500 ہندوستانی روپے　　صفحات: 736

پاکستان میں ملنے کے پتا: عبدالرحمٰن لدھیانوی، فاروق چوک، نزد غلہ منڈی، ٹوبہ ٹیک سنگھ۔　　(مبصر: ڈاکٹر عمر فاروق احرار)

برصغیر پاک وہند کی تاریخ حریت میں علماء ومجاہدینِ لدھیانہ کا ارائیں خانوادہ سالارِ قافلہ کی حیثیت سے منفرد وممتاز ہے۔ اِس قابل فخر خاندان نے 1857ء تا 1947ء کی جنگ ہائے آزادی میں قائدانہ کردار اَدا کیا اور اپنی بے مثال قربانیوں اور کمالِ جرأت ودلاوری سے برطانوی استعمار کے عرصۂ استبداد کو کم کرنے میں گرانقدر تاریخ رقم کی۔ مجاہد کبیر حضرت شاہ عبدالقادر لدھیانوی رحمۃ اللہ علیہ سے لے کر نامور مجاہد آزادی رئیس الاحرار حضرت مولانا حبیب الرحمٰن لدھیانوی رحمۃ اللہ علیہ تک قربانی وایثار، عزم واِستقامت اور جہادِ مسلسل کا ایک تابناک عہد ہے۔ زیر تبصرہ کتاب ’’قافلۂ علم وحریت‘‘ اُسی دورِ زرّیں کے مفصل اور مستند تذکرے کو محیط ہے۔ جسے لدھیانہ، انڈیا میں مقیم حضرت رئیس الاحرارؒ کے پڑپوتے اور ہمارے عزیز بھائی مولانا محمد عثمان لدھیانوی صاحب نے انتہائی محنت سے مرتب کر کے نہ صرف اپنے خاندانی فرض اور قرض سے سبکدوشی حاصل کی ہے، بلکہ درحقیقت سچی تاریخ کے متلاشی تاریخ کے طالب علموں کے لیے قابل قدر مواد بھی فراہم کیا ہے۔ جس کا صحیح اندازہ کتاب کو پڑھ کر ہی کیا جاسکتا ہے۔

کتاب میں خانوادۂ لدھیانہ کی تین سوسالہ دینی، علمی اور تحریکی خدمات کا حتی المقدور اِحاطہ کرنے کی پوری سعی کی گئی ہے۔ جس کی بدولت یہ کتاب سرزمینِ لدھیانہ کے متعلق انسائیکلوپیڈیا کا درجہ اختیار کرگئی ہے۔ مرتب نے بہت عرق ریزی کے ساتھ برصغیر پاک وہند میں پھیلے ہوئے اپنے خاندان کے اکابر واصاغر کے حالاتِ زندگی اور اُن کے کارہائے نمایاں تفصیلات کے ساتھ قلم بند کیے ہیں۔ ہرفرد اور شخصیت کا تذکرہ اپنی جگہ پر ایک معلوماتی باب ہے۔ جسے پڑھ کر اندازہ کیا جاسکتا ہے کہ علمائے لدھیانہ کی دین وسیاست کے محاذ پر کتنی عظیم خدمات ہیں اور خدمات کا یہ تاریخی سلسلہ ابھی تک جاری ہے۔ ہندوستان میں حضرت رئیس الاحرار مولانا حبیب الرحمٰن لدھیانویؒ کے پوتے مولانا حبیب الرحمٰن ثانی لدھیانوی مدظلہ اپنے آباء کے علمی وسیاسی محاذ کو پوری جرأت سے سنبھالے ہوئے ہیں اور وہاں پر قائم کردہ اپنی جماعت مجلس احرار اسلام کے زیر اہتمام ہندوستان کے بیشتر شہروں اور قصبات میں تحفظ ختم نبوت کے مشن کی ترویج کے ساتھ ساتھ ہندوستانی مسلمانوں کی ترجمانی کے فرائض پوری تندہی سے انجام دے رہے ہیں۔ مرتب کتاب انہی کے جواں سال فرزند ہیں۔ مولانا عثمان لدھیانوی



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہدیۂ تبریک کے مستحق ہیں کہ اُن کے قلم سے ایسی تاریخی کتاب منصۂ شہود پر آئی۔ جسے پڑھ کر برصغیر میں علماء لدھیانہ کی خدمات سے کماحقہ آگاہی حاصل کی جاسکتی ہے۔ کتاب خوبصورت طباعت سے آراستہ ہے۔ یہ کتاب کا پہلا ایڈیشن ہے۔ توقع کی جاسکتی ہے کہ آئندہ ایڈیشن اس سے زیادہ مدلل، مستند اور معلوماتی ہوگا۔ ان شاء اللہ العزیز

● نام مجلّہ: ماہنامہ المدینہ ’’محسنِ اعظم نمبر‘‘　　قیمت ۳۰۰ روپے　　(مبصر اخلاق احمد)

ناشر: ماہنامہ المدینہ صائمہ ٹاورز، روم نمبر A۲۰۵ سیکنڈ فلور آئی آئی چندری گر روڈ، کراچی

سیرت نبوی کا موضوع ہر دور میں مسلم علماء اور مفکرین کی فکر و توجہ کا مرکز رہا ہے، ہر ایک نے اپنی اپنی وسعت کے مطابق اس میں خامہ فرسائی کی ہے، قرآن مجید نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات طیبہ کو ہمارے لیے ایک کامل نمونہ قرار دیتا ہے، اللہ تعالیٰ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعے دین اسلام کی تکمیل ہی نہیں بلکہ نبوت اور رہنمائی کے سلسلہ کو آپ کی ذات اقدس پر ختم کر کے نبوت کے خاتمہ و تکمیل کے ساتھ ساتھ سیرت انسانیت کی بھی تکمیل فرمادی کہ آج کے بعد اس سے بہتر ارفع و اعلیٰ اور اچھے و خوبصورت نمونہ و کردار کا تصور بھی ناممکن اور محال ہے، آپ کی سیرت طیبہ پر متعدد زبانوں میں بے شمار کتب لکھی جاچکی ہیں اور لکھی جارہی ہیں جوان مؤلفین کی طرف سے آپ کے ساتھ محبت کا ایک بہترین اظہار ہے۔ ’’ماہنامہ المدینہ‘‘ کی جانب سے گزشتہ 14 سال سے ماہ ربیع الاول کے موقع پر خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت مبارکہ پر خصوصی ایڈیشن کا اجراء کیا جاتا ہے۔ زیر نظر مجلّہ ’’ماہنامہ المدینہ محسن اعظم صلی اللہ علیہ وسلم نمبر‘‘ بھی اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے جو سیرت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے موضوع پر خوبصورت مضامین کا مجموعہ ہے۔

● نام کتاب: کلیدِ قرآن　　مصنف: مولانا عبدالعزیز شجاع آبادی

ناشر: ادارۃ العزیز، جامعہ عزیز العلوم پرانی غلہ منڈی شجاع آباد　　صفحات: ۵۰۳　　قیمت: درج نہیں

قرآن حکیم کی تفسیر اور مطالب بیان کرنا نہایت دقیق اور اہم معاملہ ہے جس سے کوئی پختہ کار عالم اور جید محقق و مفسر ہی عہدہ برآ ہوسکتا ہے کیونکہ قلم کی ذراسی لغزش سے مفہوم میں بہت سی پیچیدگیاں واقع ہوجاتی ہیں اور ممکن ہے کہ معمولی خطا بہت سے لوگوں کی گمراہی کا سبب بن جائے، زیر نظر کتاب ’’کلیدِ قرآن‘‘ تفسیری نکات کا حسین مرقع اور نادر مجموعہ ہے، اس کتاب میں عقائد ایمان، عقائد مشرکین عرب، سورتوں کے آپس میں ربط اور علوم تفسیر پر قدرے روشنی ڈالی گئی ہے، جو شائقین علم کے لیے پیش قیمت خزانہ ہے اور ان کی علمی تشنگی و تفسیر کے مفاہیم کو سمجھنے کی ضرورت کی کماحقہ آبیاری کرتی ہے، اللہ تعالیٰ مصنف کی اس کوشش کو ذخیرہ آخرت بنائے۔ (آمین)

● نام کتاب: مولانا عطاء اللہ کیمبلپوری کی پرسوز تقاریر　　مرتب: مفتی ہارون مطیع اللہ　　صفحات: ۸۲

ناشر: گل شیر شہید و عطاء اللہ اکیڈمی جامعہ اصحاب صفہ مجید پاڑہ متصل بلاک نمبر ۱۰، گلشن اقبال کراچی　　قیمت: درج نہیں

خطابت اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ خاص استعداد و صلاحیت کا نام ہے، جس کے ذریعے ایک مبلّغ اپنے مافی الضمیر



© rasailojaraid.com